04-02-2025

# نظام المدارس پاکستان
## سالانہ امتحان 2025ء

| | | | |
|---|---|---|---|
| مضمون: | الحدیث | کل وقت: | 30منٹ |
| کلاس: | الشهادة الثانوية العامة (السنة الاولى) | کل نمبر: | 20 |

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________________

نام طالبعلم: ____________________________________________

## حصہ معروضی

**سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہوگا۔**

1۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اولاد اسماعیل سے چنا:

(الف) بنی قریظہ کو (ب) بنی کنانہ کو (ج) بنی نضیر کو (د) بنی ہاشم کو

2۔ جبرائیل نے فرمایا: میں نے روئے زمین پر بہتر گھر نہ دیکھا:

(الف) سوائے بنی قریظہ کے (ب) سوائے بنی ہاشم کے (ج) سوائے بنی کنانہ کے (د) سوائے بنی عبد الدار کے

3۔ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے نوح انسانی میں مبعوث کیا گیا:

(الف) بہتر جگہ میں (ب) بہترین زمانہ میں (ج) بہترین شہر میں (د) سب سے بلند دنیا میں

4۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو تقسیم کیا:

(الف) دو قسموں میں (ب) تین قسموں میں (ج) چار قسموں میں (د) پانچ قسموں میں

5۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: "مانگ کیا مانگتا ہے" یہ ان سے فرمایا:

(الف) حضرت ابو بکر (ب) حضرت عمر فاروق (ج) حضرت ربیع بن کعب (د) حضرت جنید

6۔ حضور نبی اکرم ﷺ سے جنت کی رفاقت اس صحابی نے مانگی تھی:

(الف) حضرت انس بن مالک نے (ب) حضرت جنید بغدادی نے (ج) حضرت ربیع بن کعب نے (د) حضرت عزیر نے

7۔ حضور ﷺ نے امت کی ہلاکت سے معافی مانگی تھی:

(الف) قحط سالی سے (ب) پھلوں کے کم ہونے سے (ج) دنیاوی لالچ سے (د) اخروی عمل نہ ہونے سے

8۔ یارسول اللہ ﷺ! " آپ کے لیے نبوت کب واجب ہوئی؟" یہ سوال کیا تھا:

(الف) حضرت عمر نے (ب) حضرت عباس نے (ج) حضرت امیر حمزہ نے (د) حضرت ابو ہریرہ نے

9۔ حضور نے فرمایا: میرا نام رکھو اور میری یہ کنیت نہ رکھو:

(الف) ابو احمد (ب) ابو الطاہر (ج) ابو القاسم (د) ابو طیب

10۔ حضور نے فرمایا: بلاشبہ میں تمہارے دیکھتا ہوں:

(الف) مال و دولت کو (ب) رکوع و سجود کو (ج) تقوی کو (د) دلوں کو

ورق الٹیے

**11۔ قیامت کے دن لوگ سب سے پہلے شفاعت کے لیے حاضر ہوں گے:**

(الف) حضرت آدم کے پاس (ب) حضرت ابراہیم کے پاس (ج) حضرت نوح کے پاس (د) حضرت موسیٰ کے پاس

**12۔ "لَمۡ یُقِمۡهُ" کا معنی ہے:**

(الف) نہیں بٹھائے گا (ب) نہیں دکھائے گا (ج) نہیں کھڑا کرے گا (د) نہیں ڈرائے گا

**13۔ مقام محمود پر فائز ہوں گے:**

(الف) حضرت آدمؑ (ب) حضرت نوحؑ (ج) حضرت موسیٰؑ (د) حضرت محمد ﷺ

**14۔ میدان محشر میں لوگوں کے قائد اعظم ہوں گے:**

(الف) حضرت آدم (ب) حضرت ابراہیم (ج) حضرت موسیٰ (د) حضرت محمد

**15۔ قیامت میں اولاد آدم میں سے سب سے زیادہ مکرم ہوں گے:**

(الف) صفی اللہ (ب) کلیم اللہ (ج) ذبیح اللہ (د) حبیب اللہ

**16۔ قیامت میں حضور ﷺ کے غلام ہوں گے:**

(الف) سو (ب) ہزار (ج) لاکھوں (د) بے شمار

**17۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تمہارا مجھ پر درود بھیجنا تمہارے لیے ہے:**

(الف) انعام (ب) زکوٰۃ (ج) مال (د) فائدہ

**18۔ "مَاحِی" کا معنی ہے:**

(الف) ختم کرنے والا (ب) پیدا کرنے والا (ج) سفارش کرنے والا (د) مٹانے والا

**19۔ ابو طالب نے راہب کے کہنے پر آپ ﷺ کو واپس بھیجا تو آپ کے ساتھ تھے:**

(الف) حضرت ابو بکر صدیق (ب) حضرت عمر فاروق (ج) حضرت بلال (د) حضرت اویس

**20۔ حضور ﷺ کے مال غنیمت کی تقسیم پر اعتراض کیا تھا:**

(الف) ابو جہل نے (ب) ابو لہب نے (ج) ذوالخویصرہ تیمی نے (د) ہشام بن عمرو نے

04-02-2025

# نظام المدارس پاکستان
## سالانہ امتحان 2025ء

| | | | |
|---|---|---|---|
| مضمون: | الحدیث | کل وقت: | 2:30 گھنٹے |
| کلاس: | الشھادۃ الثانویۃ العامۃ (السنۃ الاولیٰ) | کل نمبر: | 80 |

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | |    رول نمبر (لفظوں میں): ...............................

## حصہ انشائیہ

### سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ حضور ﷺ کے گھرانے کے بارے جبرئیل امین نے کیا عرض کیا؟ تحریر کریں۔

2۔ حضور ﷺ کے انتخاب کے بارے مختصراً تحریر کریں۔

3۔ حضور ﷺ نے اپنی ولادت کے بارے کیا ارشاد فرمایا؟ تحریر کریں۔

4۔ حضور ﷺ کا اپنے نسب کے بارے فرمان مبارک تحریر کریں۔

5۔ مقام ومرتبہ اور شان کے اعتبار سے سب سے افضل کون ہیں؟ تحریر کریں۔

6۔ حضور ﷺ نے منبر پر بیٹھ کر کس چیز کو بیان کیا ہے؟ تحریر کریں۔

7۔ اختیارات مصطفیٰ ﷺ کے بارے کوئی ایک حدیث تحریر کریں۔

8۔ حضور ﷺ کے لیے وضو کا اہتمام کون سے صحابی فرماتے تھے؟ تحریر کریں۔

9۔ حضور ﷺ سے جنت کی رفاقت کس نے اور کس بات پر مانگی تھی؟ تحریر کریں۔

10۔ حضور ﷺ کی حکومت کے بارے حضور ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟ تحریر کریں۔

11۔ حضور ﷺ کی نبوت ورسالت پر مختصراً تبصرہ کریں۔

12۔ حضور ﷺ کی کنیت اور نام کے بارے حدیث مبارکہ نقل کریں۔

### سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ حضور ﷺ کی سماعت اور بصارت کے بارے مختصراً تحریر کریں۔

2۔ حضور ﷺ کی شفاعت کے بارے مختصراً تحریر کریں۔

3۔ حدیث کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ تحریر کریں۔

4۔ حدیث کیسے قرآن کی تفسیر ہے؟ وضاحت کریں۔

5۔ مقام محمود کیا ہے؟ تحریر کریں۔

6۔ وسیلہ کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ تحریر کریں۔

7۔ حضرت آدمؑ نے کس کے وسیلہ سے بارگاہ الٰہی میں دعا کی اور کیوں؟ تحریر کریں۔

8۔ قیامت میں حضور ﷺ کے حال پر مختصراً تحریر کریں۔

9۔ حضور ﷺ کا جنت میں مقام ومرتبہ مختصراً تحریر کریں۔

10۔ حضور ﷺ پر درود بھیجنے کی فضیلت مختصراً تحریر کریں۔

11۔ حدیث کی روشنی میں حضور ﷺ کے کوئی سے دو نام تحریر کریں۔

12۔ حضور ﷺ کے شام کے سفر کے بارے راہب کا قصہ مختصراً تحریر کریں۔

## تفصیلی سوالات

### سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. حدیث کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ ومفہوم تحریر کریں۔ نیز حدیث کی ضرورت واہمیت قرآن وحدیث کی روشنی میں تفصیلاً تحریر کریں۔

ii. (الف) حضور ﷺ کے حسب ونسب کے بارے تفصیلاً تحریر کریں۔

(ب) حضور ﷺ کی تمام انبیاء ورسل عظام پر فضیلت قرآن حدیث کی روشنی میں تفصیلاً تحریر کریں۔

iii. مقام محمود کیا ہے؟ تحریر کریں۔ نیز حضور ﷺ کا مقام محمود پر فائز ہونا تفصیلاً بیان کریں۔

### سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. "قال رسول اللہ ﷺ ان اللہ قد رفع لی الدنیا فانا انظر الیھا والی ماھو کائن فیھا الی یوم القیامۃ کانما انظر الی کفی ھذا"
حدیث کا ترجمہ کریں۔ نیز حضور ﷺ کے علم کے بارے قرآن وحدیث کی روشنی میں تفصیلاً نوٹ لکھیں۔

ii. وصال سے کیا مراد ہے؟ نیز حضور ﷺ کو وصال میں اختیار دیا گیا یا نہیں؟ تفصیلاً بیان کریں۔

iii. (الف) حضور ﷺ کا منبر پر جلوہ فرما ہونا اور ستون کا رونا تفصیلاً تحریر کریں۔

(ب) حضور ﷺ کی ذات اقدس ایمان کی اصل ہے تفصیلاً بیان کریں۔